
© rasailojaraid.com





# حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

سید محمد ذوالکفل بخاری۔

## سیرت البم

تحریر و ترتیب: شاہ مصباح الدین شکیل
طباعت و تزئین: نہایت عمدہ
ضخامت ۱۲۰ صفحات
ناشر: پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ

داؤد سینٹر، مولوی تمیز الدین خاں روڈ، پوسٹ بکس ۳۹۸۳، کراچی (پاکستان)

اس کتاب کو دیکھ کر، پڑھ کر، واقعہ یہ ہے کہ طبیعت میں ایک عجیب اہتزاز اور انبساط پیدا ہوتا ہے۔ کسی کا کیا اچھا شعر ہے کہ

تصویر اُس کی سارے مُرقع کی جان ہے
گویا چمن میں پھول کھلا ہے گلاب کا!

اور یہاں تو ایک ایک صفحہ گویا چمن ہے اور ایک ایک چمن میں کئی کئی پھول کھلے ہیں! حقیقت یہ ہے کہ یہ ساری کتاب تبصرہ و تحسین اور داد و آفرین سے بہت بالا ہے۔

تعارف کتاب میں پی ایس او کے مینیجنگ ڈائریکٹر لکھتے ہیں۔

"اس کے مؤلف نے اس سال ساڑھے چار مہینے حجاز مقدس میں گزارے، اور سیرت طیبہ کے اہم تاریخی مقامات مکہ، مدینہ، طائف، بدر، احد، حدیبیہ، الحساء، خیبر، مدائن صالح وغیرہ کا بہ چشم خود مشاہدہ کیا۔ ان سے متعلق معلومات حاصل کیں۔ ان مقامات کو تصویروں میں محفوظ کیا۔ اس کے علاوہ نادر تصاویر جمع کیں۔ خلیج کے اس کنارے دھران سے بحیرۂ احمر کے دوسرے ساحل جدہ تک اور اندرون حجاز ۵ ہزار میل کا سفر کیا۔ علماء، اساتذہ اور عوام سے ملاقاتیں کیں پھر سیرت البم ترتیب دیا۔ اس میں تحریروں اور تصویروں کا ایک خوبصورت امتزاج ہے جس سے سیرت طیبہ کے اکثر گوشے خود بخود روشن ہوتے چلے جاتے ہیں۔

اس میں جدید تقاضوں کے مطابق حقائق کو ذہن نشین کرنے کے لئے خاکوں، جدولوں، نقشوں، تصویروں اور رنگوں سے زیادہ کام لیا گیا ہے۔ یہ ٹیکنک مؤثر بھی ہے اور مقبول بھی
مگر اس میں لگتی ہے محنت زیادہ
محنت ہی نہیں بلکہ زرِ کثیر بھی صرف ہوتا ہے۔ پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی کو اللہ تعالیٰ نے دونوں نعمتوں سے نوازا ہے جن کا کچھ حصہ اسلامی تعلیمات کی ترویج، رفاہی کاموں اور ملک کی ہمہ جہتی ترقی کی مساعی پر صرف کیا جاتا ہے۔"

© rasailojaraid.com